گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد خان کا

لانڈھی کورنگی میں جاری ترقیاتی کاموں کا معائنہ اور ٹینریز زون کا دورہ

گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد خان نے ایڈمنسٹریٹر کراچی محمد حسین سید، ایم ڈی واٹر بورڈ مصباح الدین فرید اور دیگر افسران کے ہمراہ لانڈھی کورنگی میں جاری ترقیاتی کاموں کا تفصیلی دورہ کیا۔ گورنر سندھ نے اس موقع پر میڈیا کے نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ 148 ملین روپے کی لاگت سے کورنگی کازوے روڈ کے توسیع منصوبے کو فوری مکمل کیا جائے جبکہ کورنگی کراسنگ کو نئی ڈیزائنگ کرکے اسے ازسرنو تعمیر کیا جائے تاکہ اس علاقے میں شہریوں کو سہولیات میسر آئیں۔ انہوں نے کہا کہ کورنگی کازوے کو تین رویہ بنانے کا کام وقت مقررہ میں مکمل کیا جائے اور رات کے وقت کازوے پر روشنی کا انتظام کیا جائے، انہوں نے کہا کہ کبھی بھی اس اہم شاہراہ کو چوڑا نہیں کیا گیا لیکن پہلی مرتبہ اس شاہراہ کی نہ صرف توسیع کی جارہی ہے بلکہ اسے تین رویہ بھی بنایا جا رہا ہے کیونکہ یہاں اکثر و بیشتر حادثات رونما ہوتے تھے اور بارشوں کے دوران درجنوں ٹریفک حادثات کازوے پر ہوتے رہے ہیں اس شاہراہ کی توسیع اور اسے تین رویہ کرنے کے بعد ان میں نمایاں کمی واقع ہوگی۔ ڈائریکٹر جنرل ٹیکنیکل سروسز الطاف جی میمن نے گورنر سندھ کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ 148 ملین روپے کی لاگت سے کورنگی کازوے کو تین رویہ کرنے، تعمیر و مرمت اور بہتری کا کام اگلے دو ماہ میں مکمل کرلیا جائے گا۔ اس اہم سڑک کو 18 فٹ تک چوڑا کرنے کا کام جاری ہے سڑک کو دو حصوں میں تقسیم کرتے وقت اس بات کا خیال رکھا گیا ہے کہ بارش میں یا سیلاب کی صورت میں سڑک پر پانی کھڑا نہ ہو اور درمیان سے پانی گزر سکے انہوں نے بتایا کہ رات کے وقت ٹریفک کی آسانی کے لئے بیریئر پر ریفلیکٹر لگائے جارہے ہیں۔ کورنگی کراسنگ انٹرسیکشن کے دورے کے موقع پر ایڈمنسٹریٹر کراچی محمد حسین سید نے گورنر سندھ کو بتایا کہ یہ اہم چورنگی ہے جہاں روزانہ ہزاروں کی تعداد میں گاڑیاں گزرتی ہیں اس لئے کورنگی کراسنگ انٹرسیکشن کو نئے سرے سے ڈیزائن کیا گیا ہے جس کی بہتری اور تعمیر پر دو کروڑ روپے لاگت آئے گی۔ کورنگی کراسنگ کو سگنل فری کیا جائے گا تاکہ ٹریفک کی روانی میں کوئی خلل نہ ہو اس سلسلے میں ٹریفک انجینئرنگ اور ورکس اینڈ سروسز کے محکمے باہمی اشتراک سے کام کریں گے انہوں نے کہا کہ کورنگی کازوے اور کورنگی انٹرسیکشن پر اسٹریٹ لائٹس اور فلڈ لائٹس لگائی جائیں گی۔ انہوں نے بتایا کہ کورنگی کازوے اور کورنگی کراسنگ کی تزئین و آرائش کے بعد لانڈھی اور کورنگی کے شہریوں کو سفری سہولتوں میں بہتری آئے گی اور برسات کے دنوں میں کورنگی کازوے پر راستہ بند ہونے سے نجات ملے گی اور برساتی پانی کی نکاسی میں تیزی آئے گی۔ گورنر سندھ نے پاکستان ٹینری ایسوسی ایشن کے مرکزی دفتر اور ٹینری زون کا بھی دورہ کیا انہوں نے ہدایت کی کہ ٹینری زون میں پانی کی نکاسی کے لئے لائنیں بچھائی جائیں ڈرینج سسٹم کو بہتر کیا جائے اور سڑکوں کی تعمیر مکمل کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ اس سلسلے میں بلدیہ عظمیٰ اور واٹر بورڈ مشترکہ لائحہ عمل اختیار کریں تاکہ یہاں کے ترقیاتی کام بہتر انداز میں کئے جاسکے انہوں نے کہا کہ چمڑے کی صنعت پاکستان کی ایک اہم صنعت ہے اور پاکستان کو اس سے سالانہ کروڑوں روپے کا زرمبادلہ حاصل ہوتا ہے اس لئے ٹینری زون کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حاصل کرنا ضروری ہے گورنر سندھ نے ایم ڈی واٹر بورڈ کو ہدایت کی کہ یہاں پانی کی مسلسل فراہمی کو یقینی بنائیں کیونکہ چمڑے کی مصنوعات کی تیاری میں پانی بنیادی اہمیت رکھتا ہے اس موقع پر پی ٹی اے کے چیئرمین خورشید احمد، صنعتکار زاہد حسین سمیت دیگر رہنما بھی موجود تھے۔ ٹینری زون کے دورے کے موقع پر انہیں بتایا گیا کہ بلدیہ عظمیٰ نے پانچ ہزار روڈ کی تعمیر مکمل کرلی ہے لیکن یہاں پر تجاوزات قائم ہوگئی ہیں جنہیں ہٹانے کے لئے فوری آپریشن کیا جانا ضروری ہے۔ گورنر سندھ نے 18 ملین روپے کی لاگت سے بننے والے سی بی ایم کے پاس سے گزرنے والے کلورٹ کا بھی دورہ کیا جس کا آدھا حصہ مکمل ہوچکا ہے۔ گورنر سندھ نے ہدایت کی کہ اس کلورٹ کے دوسری سائیڈ کو بھی جلد مکمل کیا جائے تاکہ یہاں پانی کی نکاسی کی راہ میں حائل رکاوٹوں کو دور کیا جاسکے۔

☆☆☆



گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد خان کو کورنگی کازوے کے دورے کے موقع پر بریفنگ دی جارہی ہے۔ ایڈمنسٹریٹر کراچی محمد حسین سید بھی موجود ہیں